DAILY INTEKHAB
3/جون 2021ء

اوتھل: سماجی تنظیم اور ایس ڈی آئی کی جانب سے تنظیم کے سینئر ایسوسی ایٹ مینجر بابر جتندی اور ضلعی کوآرڈینیٹر راشد بٹ راشن تقسیم کرر ہے ہیں جبکہ دوسری جانب لوگوں کو کرونا وائرس سے بچاؤ کے متعلق آگاہی فراہم کی جارہی ہے

رسول بخش

...یل کی جاتی ہے

...ں میں موجود جگہ جگہ
...ے اذیت بنے ہوئے
...ے ٹینکر والوں کو تنگ
...نگی رقم کیساتھ منت
...نا گہانی آفت آگ

Scanned with CamScanner

اوتھل، مختلف علاقوں میں راشن کی تقسیم

54 مستحق خاندانوں کو راشن دیا گیا، اوایس ڈی آئی

کورونا وائرس سے بچاؤ کے متعلق آگاہی مہم کے متعلق لوگوں کو سمجھایا گیا، جنید

اوتھل (نمائندہ انتخاب) سماجی تنظیم اوایس ڈی آئی کی جانب سے تنظیم کے سینئر ایسوسی ایٹ مینیجر بابر جنید اور ضلعی کوارڈینیٹر راشد بٹ کی نگرانی میں اوتھل کے مختلف علاقوں کے 54 مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم اور کرونا وائرس سے بچاؤ کے متعلق آگاہی مہم کے تحت لوگوں کو سمجھایا گیا اور انھیں احتیاط برتنے کی تلقین کی گئی تفصیلات کیمطابق اوتھل میں کام کرنے والی سماجی تنظیم او ایس ڈی آئی کی جانب سے سینئر ایسوسی ایٹ مینیجر بابر جنید اور ضلعی کوارڈینیٹر راشد بٹ کی نگرانی میں اوتھل کے مختلف علاقوں کے 54 مستحق خاندانوں میں راشن کیا گیا اور لوگوں کو کرونا وائرس سے بچاؤ کیلئے آگاہی فراہم کی گئی لوگوں کو باقاعدہ ڈیمو پیش کرکے سمجھایا گیا کرونا وائرس کی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے پر زور دے کر کہا گیا کہ یہ ایک جان لیوا موذی مرض ہے جو دنیا بھر میں تباہ کا باعث بن رہا ہے اس سے بچنے کا واحد ذریعہ احتیاط ہی ہے جس سے خود بھی اور اپنے گھر والوں بھی بچایا جاسکتا ہے ہے اس موقع پر اوایس ڈی آئی کے سینئر ایسوسی ایٹ مینیجر بابر جنید اور ضلعی کوآرڈینیٹر راشد بٹ نے کہا کہ ہماری تنظیم ایک سماجی تنظیم ہے جو اس وقت ضلعی صدر مقام اوتھل مختلف منصوباجات پر کام کرہی ہے جس میں صحت، تعلیم، ایگریکلچر وغیرہ شامل ہیں پر کام کرہی ہے اوتھل کے کافی علاقے ہماری تنظیم سے مستفید ہوچکے ہیں اور مزید بھی کام جاری ہے اس وقت ہم اوتھل مختلف علاقوں جن میں حاجی ابراہیم گوٹھ سکن، لالو گوٹھ، قمبرانی گوٹھ، ابوشیخ گوٹھ، کریڑ گوٹھ، گوٹھ عیسی چماہرہ، گوٹھ محمد داود، ساجن گوٹھ میں مختلف مستحق 54 خاندانوں میں راشن تقسیم کیا ہے اور مستقبل میں بھی ہم اپنی کوشش کو جاری رکھیں گے تاکہ لوگوں کو آسودگی میسر آئے۔

Scanned with CamScanner